نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب
21 ۔ سر آغا خان سوئم روڈ لاہور
Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment
پریس ریلیز

محکمہ زراعت پنجاب نے دھان کی فصل کی کٹائی میں احتیاط بارے سفارشات جاری کر دی

لاہور: 23 اکتوبر 2025: ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق دھان کی کٹائی کا عمل شروع کریں۔ دھان کی کٹائی اس وقت شروع کریں جب اوپر والے سٹے پوری طرح پک چکے ہوں اور نیچے والے 2 تا 3 دانے ابھی ہرے ہوں۔ اس وقت دانوں میں نمی کا تناسب 20 تا 22 فیصد ہوتا ہے۔ بعد ازاں، پھنڈائی شدہ دانوں کو خشک کرنے کا بندوبست کریں جس سے ان کی نمی کا تناسب 12 تا 13 فیصد رہ جائے تاکہ انہیں محفوظ کیا جا سکے۔ ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے مزید بتایا ہے کہ دھان کی برداشت اگر مشینی طریقے سے کرنی مقصود ہو تو ترجیحاً رائس ہارویسٹر (کبوٹا) کا استعمال کریں۔ اگر رائس ہارویسٹر میسر نہ ہو تو ایسی مشین استعمال کریں جو دھان کی کٹائی کے مطابق ایڈجسٹمنٹ کر سکے تاکہ کٹائی کے وقت دانے کم سے کم ٹوٹیں۔ کاشتکار دھان کی باقیات کی تلفی محکمہ زراعت پنجاب کے مقامی ماہرین کے مشورہ سے کریں اور دھان کی باقیات کو آگ ہرگز نہ لگائیں تاکہ سموگ پیدا نہ ہو سکے۔